حکومت پاکستان

وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

***

ہدایات برائے متبادل(Substitution)برائے حج-2025

درخواست گزار حج کی قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے کے بعد حج پر نہ جانے کی صورت میں، مندرجہ ذیل طریقہ کار اپنائے:-

پہلا مرحلہ:- **ریفنڈ لینا**

- درخواست گزار سب سے پہلے درخواست براِئے منسوخی (ریفنڈ) حج 2025 کا فارم جمع کروائے گا۔ یہ فارم وزارت کی ویب سائٹ www.hajjinfo.org پر مہیا کیا گیا ہے۔ مکمل فارم پُر کر کے متعلقہ کاغذات لگا کر مندرجہ ذیل پتہ پر بھیج دیں:-

اکاونٹ آفیسر (ریفنڈ)، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

کوہسار بلاک پاک سیکرٹریٹ پہلی منزل، اسلام آباد

- اس فارم کے جواب میں درخواست گزار کے نام پر حج کے پیسے واپس لینے کی اتھارٹی جاری کی جائے گی-جو کہ متعلقہ بنک / برانچ میں جمع کروا کر اپنے پیسے واپس لے سکتا/سکتی ہے-

دوسرا مرحلہ: **متبادل کی درخواست**

- متبادل کے لیے ضروری ہے کہ اُس کا کامیاب درخواست گزار سے مندرجہ ذیل رشتوں میں سے ایک رشتہ ہو:-

شوہر/بیوی	والد/والدہ	بھائی/بہن	بیٹا/بیٹی
دادا/دادی	نانا/نانی	سسر/ساس	چچا/چچی
ماموں/ممانی	بھتیجا/بھتیجی	بھانجا/بھانجی	پوتا/پوتی
نواسہ/نواسی	داماد/بہو	پھوپھا/پھوپھی	خالو/خالہ
اگر درخواست گزار کامیاب ہونے کے بعد حج پر کسی وجہ سے نہ جا رہا ہو اور وہ حج پر جانے والی کسی خاتون کا محرم بھی ہو تو اس کا متبادل ایسا شخص ہو سکتا ہے جو اسی خاتون کا محرم ہونے کے شرائط پورے کر سکے۔			

ریفنڈ اتھارٹی ملنے کے بعد درخواست برائے متبادل حج 2025 جمع کروانے کے لئے فارم جو کہ وزارت کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ مکمل پُر کر کے اس پر دیے گئے متعلقہ کاغذات لگا کر مندرجہ ذیل پتہ پر بھجوا دیں۔

سیکشن آفیسر (حج پالیسی)، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

کوہسار بلاک پاک سیکرٹریٹ پہلی منزل، اسلام آباد

- وزارت، منظوری کے بعد متبادل حاجی کو ایک خط جاری کرے گی-متبادل حاجی اس خط کو متعلقہ بنک / برانچ میں دکھا کر نیا حج فارم بنک سے لے کر اور پُر کرنے کے بعد پاسپورٹ کے ساتھ اسی بنک میں جمع کروا دے-

◇◇◇

Haider Ali AD (Network/NEC) Friday, 14 February, 2025, 10:32:56 AM